## سوال

کیا بکرا تول کر یعنی وزن کر کے خریدنا جائز ہے برائے مہربانی فقہ حنفی اور اہل حدیث حضرات دونوں کی رائے فراہم کردیں دلائل کے ساتھ ؟

## جواب

قربانی کا بکرا تول کر خریدنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا بکرا تول کر یعنی وزن کر کے خریدنا جائز ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! قربانی کے لئے جانور خریدتے وقت آپ کسی بھی طریقے سے خرید سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ بیع کی حرام اقسام میں سے نہ ہو۔ خریدے جانے والے جانور میں اگر تمام شرائط موجود ہوں تو اسے تول کر بھی خریدا جا سکتا ہے، کیونکہ یہ خرید وفروخت ہے، اور اس میں فریقین کی رضامندی ضروری ہے جو کسی بھی طرح ہو سکتی ہے ۔ اس جانور کے قربانی والے ہونے کے سبب اس کو مہنگا کر کے خریدنے کی کی کوئی معقول وجہ سمجھ نہیں آتی، آپ بیوپاریوں کے ساتھ بحث کر کے اسے سستا بھی کروا سکتے ہیں، بس یہ بات ذہن میں رہے کہ جانور آپ اپنی استطاعت کے مطابق ضرور خریدیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث